سوال

(360)زیورات پر زکوٰۃ کا حکم

جواب

السلام علیکم ورحمة اللہ وبرکاتہ

زیورات پر زکوٰۃ کا حکم، کتاب مصنفہ عطاء اللہ ڈیروی صاحب نظر سے گزری۔ اس میں مصنف نے ثابت کیا ہے کہ زیورات پر زکوٰۃ نہیں ہے۔ آپ براہِ مہربانی اس مسئلہ پر روشنی ڈالیں کہ آیا یہ تحقیق درست ہے کہ نہیں؟ (ایک سائل) (۱۹ فروری ۱۹۹۹ء)

الجواب بعون الوہاب بشرط صحة السؤال

وعلیکم السلام ورحمة اللہ وبرکاتہ!

الحمد للہ، والصلاة والسلام علىٰ رسول اللہ، أما بعد!

اصل بات یہ ہے کہ مسئلہ ہذا میں اہل علم کا سخت اختلاف ہے۔ ہر ایک نے اپنے نظریہ پر دلائل قائم کرنے کی سعی فرمائی ہے لیکن میری نظر میں دلائل کے اعتبار سے زیادہ احتیاط والا مسلک یہ ہے کہ زیورات کی زکاۃ دینی چاہیے۔ صحیح حدیث میں ہے جو شبہات سے بچا۔ اس نے اپنا دین، عزت وآبرو کو محفوظ کرلیا۔

اور دوسری روایت میں ہے :

’دَعْ مَا یُرِیبُکَ اِلٰی مَالَا یُرِیبُکَ ‘صحیح البخاری، بَابُ تَفْسِیرِ المُشَبَّهَاتِ، سنن الترمذی، رقم : ۲۵۱۹، سنن الدارمی، بَابُ : دَعْ مَا یَرِیبُکَ اِلَی مَالَا یَرِیبُکَ، رقم : ۲۵۷۴

’’شبہ والی شئے کو چھوڑ کر اس چیز کو اختیار کرنا چاہیے جس میں کوئی شبہ نہیں۔‘‘

تفصیل کے لیے ملاحظہ ہو : (اضواء البیان : ۲/۳۹۸تا۴۰۸)

ھذا ما عندي واللہ أعلم بالصواب

فتاویٰ حافظ ثناء اللہ مدنی

جلد : 3، کتاب الصوم : صفحہ : 306